لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۵۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ ربیع الثانی سنہ ۱۳۳۸ھ مطابق ۲۹ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء | جلد ۳۱

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۸ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

۴ جنوری سنہ ۱۹۱۹ء کو مفصل روبکار مہنگائی کی بابت جاری ہوچکا ہے۔ اسمین صراحت تفصیلی اُن ملازمان اور زمرون کی موجود ہے جنکو مہنگائی دیے جانے سے مستثنے رکہا گیا۔ اب علاوہ اُن مستثنیات کے جو روبکار مذکور مین بصراحت موجود ہے۔ صیغہ فوج۔ پولیس جیل کمپنی وقلعہ پولیس بہی مستثنیات مین داخل کیے جاتے ہین۔ بقیہ کل مستقل ملازمان ریاست کو جنکی تنخواہین

مع الاونس سات روپیہ ماہوار تک ہیں۔ تین ماہ کے لئے من ابتدا یکم دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء لغایت فروری سنہ ۱۹۱۹ء حسب مندرجہ ذیل مہنگائی دیجایا منظور ہے۔

۱۔ ملازمان جنکی تنخواہ مع الاونس پانچ روپیہ ماہوار تک ہے۔ ایک روپیہ آٹھ آنہ فی اسم

۲۔ ملازمان جنکی تنخواہ مع الاونس سات روپیہ ماہوار تک ہے۔ ایک روپیہ ماہوار فی اسم

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام سرشتہ صدر سے جاری ہوں۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عطاء الاونس

۲۴ ؍ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر فی الحال سو روپیہ ماہوار الاونس بصلہ انجام کام اسٹیٹ فیکٹریز کپتان محمد عظمت اللہ خان کو عطا فرمایا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

اضافہ

یکم دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش انچارج انجنیر صاحب روشنی برقی۔ صاحبزادہ سید احمد حسین خان بل کلکٹر روشنی برقی کی تنخواہ موجودہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸ ؍ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

بملاحظہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری۔ رخصت مزید پندرہ یوم سید منظور حسین زائد الہد صدر ماموری سرشتہ آبکاری کی بوجہ علالت چشمان ۱۹ ؍ نومبر سنہ ۱۹۱۹ء سے ۳ ؍ دسمبر سنہ رواں تک بوضع نصف تنخواہ منظور ہوئی۔

۲۲ ؍ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

بملاحظہ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست۔ رخصت مزید ایکماہ سردار بہادر گرداور قانونگوی تحصیل نوآبادی بوجہ علالت وتصدیق ڈاکٹری ۲۱ ؍ نومبر سنہ ۱۹۱۹ء سے منظور کی گئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۰ ؍ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر منشی اشفاق حسین خان اہلمد دیوانی عدالت ججی بوجہ حسن انجام کار متعلقہ ومحنت وہوشیاری بشاہرہ بیس روپیہ ماہوار مستقل کئے گئے۔

رخصت

۲۳ ؍ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

علاوہ تعطیلات یوم کلان کے ۴ ؍ جنوری سنہ ۱۹۲۰ء سے مزید رخصت یکہفتہ صاحب مجسٹریٹ ضلع منظور ہوئی۔ صاحب موصوف کا معمولی کام بطور انچارج صاحبزادہ سید ذی مظفر خان صاحب بہادر اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کرینگے۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا